رہبر معظم کا آیت اللہ سید محمد کاظم یزدی کی یاد میں منعقد کانفرنس کے نام پیغام - 14 /Mar/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےعلامہ آیت اللہ سید محمد کاظم طباطبائی یزدی صاحب کتاب عروۃ الوثقی کی یاد میں منعقد کانفرنس کے نام اپنے پیغام میں مرحوم آیت اللہ علامہ سید محمد کاظم طباطبائی یزدی کے افکار کا جائزہ لینے پر زوردیا اور عوام کے سامنے ان کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کوپہچنوانے پر تاکید کی۔

اس پیغام کو آج صبح (بروزجمعرات) رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر کے انچارج حجۃ الاسلام والمسلمین محمد گلپائگانی نے پڑھ کر سنایا۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے آیت اللہ سید محمد کاظم یزدی کی جامع شخصیت کی طرف اشارہ کیا اور اس عظیم شخصیت کو علمی ، معنوی اور جہاد کے لئے آمادگی کے تین ممتاز عناصر کا مظہر قراردیتے ہوئےفرمایا: آیت اللہ سید محمد کاظم کے فقہی نظریہ اور اصول کے بارے میں گہری اور دقیقتحقیق کی ضرورت ہے۔